حفظ و ناظرہ اور سکولوں کے بچوں کو حضرات صحابہ کرامؓ اور اہلبیت عظام (رضی اللہ عنہم)
سے متعارف کرانے کے لیے بزم اطفال مسلم کی طرف سے تیار کردہ

خلیفہ بلا فصل — افضل البشر بعد الانبیا — امیر المومنین — یارِ غار مصطفٰے

کوئز

# حضرۃ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

22 جمادی الثانی یوم وفات

منجانب بزم اطفال مسلم پاکستان

سوال: حضرت ابوبکرؓ صدیق کون تھے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ ہمارے نبی ﷺ کے سب سے پہلے صحابی، ہمارے نبی ﷺ کے جانشین اور مسلمانوں کے پہلے خلیفہ تھے۔

سوال: حضرت ابوبکر کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ کا نام عبداللہ تھا۔

سوال: حضرت ابوبکرؓ کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا؟

جواب: قریش کے خاندان بنوتیم سے

سوال: حضرت ابوبکرؓ کب پیدا ہوئے؟

جواب: حضور ﷺ کی ولادت باسعادت کے دو سال چند ماہ بعد

سوال: حضرت ابوبکرؓ کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: والد کا عثمان اور والدہ کا نام سلمہ بنت صخر تھا

سوال: آپ کے والد اور والدہ کی کنیت کیا تھی۔

جواب: آپ کے والد کی کنیت ابوقحافہ اور والدہ کی کنیت ام الخیر تھی

سوال: قبول اسلام سے پہلے حضرت ابوبکرؓ کے خاندان کے پاس کونسا عہدہ تھا

جواب: خون بہا اور دیت کے مقدمات کا فیصلہ کرنا

سوال: حضرت ابوبکر کن علوم میں ماہر تھے؟

علم الانساب اور علم تعبیر میں (یعنی نسب ناموں کے علم اور خوابوں کی تعبیر بتانے میں)

سوال: حضرت ابوبکرؓ کے لقب کیا تھے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ کے لقب صدیق اور عتیق تھے

سوال: حضرت ابوبکرؓ کو صدیق کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ نے ہمارے نبی ﷺ کی تصدیق کی تھی اس لیے انکو صدیق کہا جاتا

سوال: حضرت ابوبکرؓ کا خاندان کس پیشے میں مشہور تھا؟

جواب: تجارت کے پیشہ میں

سوال: حضرت ابوبکرؓ کی بیویاں کتنی تھی؟

جواب: حضرت ابوبکر کی چار بیویاں تھیں

سوال: حضرت ابوبکرؓ کے بیٹے کتنے تھے اور ان کے نام کیا تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر کے تین بیٹے تھے حضرت عبداللہ، حضرت عبدالرحمٰن، حضرت محمد

سوال: حضرت ابوبکر کی بیٹیاں کتنی تھی اور ان کے نام کیا تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر کی تین بیٹیاں تھی حضرت اسماء، حضرت عائشہ، حضرت ام کلثوم

سوال: اسلام سے پہلے حضرت ابوبکرؓ کن برائیوں سے دور رہے؟

جواب: بت پرستی، شراب نوشی اور زنا سے

سوال: زمانہ جاہلیت میں حضرت ابوبکرؓ کا شمار کن لوگوں میں ہوتا تھا؟

جواب: شریف، باوجاہت اور پڑھے لکھے لوگوں میں

سوال: حضرت ابوبکر صدیقؓ کب مسلمان ہوئے؟

جواب: آزاد اور خود مختار لوگوں میں سب سے پہلے مسلمان ہوئے

سوال: اسلام میں سب سے پہلا خطبہ کس نے دیا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے

سوال: حضرت ابوبکر کی والدہ کب مسلمان ہوئیں

جواب: ابتدائے اسلام میں

سوال: حضرت ابوبکر کے والد کب مسلمان ہوئے؟

جواب: فتح مکہ کے موقع پر

سوال: حضرت ابوبکر کی کتنی پشتیں صحابی ہیں؟

جواب: حضرت ابوبکر کی چار پشتیں صحابی ہیں

سوال: حضرت ابوبکر کی کون سی چار پشتیں صحابی ہیں؟

جواب: حضرت ابوبکر خود، آپ کے والدین، آپ کی اولاد اور آپ کی اولاد کی اولاد

سوال: حضرت ابوبکر کی دعوت پر کتنے لوگ مسلمان ہوئے؟

جواب: حضرت ابوبکر کی دعوت پر 38 لوگ مسلمان ہوئے

سوال: حضرت ابوبکر کے کون سے بیٹے کی تربیت اور پرورش حضرت علیؓ نے کی؟

جواب: محمد بن ابوبکر کی

سوال: حضرت ابوبکر کے کون سے داماد عشرہ مبشرہ میں سے ہیں؟

جواب: حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت ابوبکر صدیقؓ کی حضور ﷺ سے کیا رشتہ داری تھی؟

جواب: حضرت ابوبکر رشتے میں حضور ﷺ کے سسر لگتے تھے

سوال؟ حضرت ابوبکر کی کون سی بیٹی ہمارے نبی ﷺ کی بیوی تھیں؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت ابوبکر کی کس بیٹی کی براءت اللہ تعالی نے قرآن میں نازل کی؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی

سوال: حضرت ابوبکر کی کون سی بیٹی نے جنگ احد میں زخمیوں کو پانی پلایا تھا؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے

سوال: حضرت ابوبکر کی کون سی بیٹی غار ثور میں کھانا پہنچاتی تھی؟

جواب: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت ابوبکر کا کون سا بیٹا کفار کی خبریں غار ثور میں پہنچاتا تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت ابوبکر کے کون سے غلام غار ثور میں دودھ کے لیے بکریاں لایا کرتے تھے؟

جواب: حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت ابوبکر کے کس غلام کی میت سے شہادت کے وقت نور چمکا اور میت غائب ہوگئی؟

جواب: حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ کی میت

سوال: حضرت ابوبکر کی کس بیٹی کو ابوجہل نے تھپڑ مارا تھا؟

جواب: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کو

سوال: کس بیٹی نے کہا تھا میں نے اپنے والد ابوبکر کے علاوہ کسی کو خوشی سے روتے نہیں دیکھا؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے

سوال: حضرت ابوبکر کے کون سے بیٹے کی نسل ہندوستان اور پاکستان میں موجود ہے؟

جواب: حضرت محمد بن ابی بکر کی

سوال: حضرت ابوبکر کی کس بیٹی کو جبرئیلؑ نے سلام پیش کیا؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو

سوال: حضرت ابوبکر کی کس بیٹی کی اوڑھنی کے کپڑے کا جنگ بدر میں جھنڈا بنایا گیا؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی اوڑھنی کا

سوال: حضرت ابوبکر نے جب ہجرت کی اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا: ابھی ایسا نہ کرو ہوسکتا ہے اللہ کسی کو آپ کا ساتھی بنادے جو آپ کے ساتھ ہجرت کرے

سوال: حضرت ابوبکر نے ہجرت کے لیے کیا انتظام کر رکھا تھا؟

جواب: آپ نے دو اونٹنیوں اور ایک راستہ بتانے والے کا انتظار کر رکھا تھا

سوال: غار کی طرف جاتے جب حضور ﷺ کی قدم زخمی ہوگئے تو حضرت ابوبکر نے کیا کیا؟

جواب: حضرت ابوبکر نے حضور ﷺ کو کندھوں پر اٹھالیا

سوال: حضرت ابوبکر نے غار کے سوراخ کیوں بند کیے تھے؟

جواب: تاکہ کوئی موذی چیز حضور ﷺ کو نقصان نہ پہنچادے

سوال: حضرت ابوبکر نے غار کے سوراخ کس چیز سے بند کیے تھے؟

جواب: اپنی چادر پھاڑ کر ایک بچ گیا تھا اس پر اپنی ایڑی رکھ لی

سوال: غار کے منہ پر حضرت ابوبکر نے جب لوگوں کو دیکھا تو کیوں پریشان ہوئے؟

جواب: کوئی کافر حضور ﷺ کو نقصان نہ پہنچادے

سوال: حضرت ابوبکر کو پریشان دیکھ کر حضور ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا ابوبکر پریشان نہ ہوں اللہ ہمارے ساتھ ہے

سوال: قرآن نے کس موقع پر حضرت ابوبکر کو حضور ﷺ کا ساتھی کہا؟

جواب: ہجرت کے موقع پر جب حضرت ابوبکر حضور ﷺ کے ساتھ غار میں تھے

سوال: قرآن کی کس سورت میں حضرت ابوبکر کو حضور ﷺ کا ساتھی کیا گیا ہے؟

جواب: سورہ توبہ دسویں پارے میں

سوال: غار ثور میں حضرت ابوبکر کو کون سی تکلیف پہنچی؟

جواب: ایڑی پر سانپ نے ڈس لیا تھا

سوال: حضور ﷺ نے سانپ کے ڈسے کا کیسے علاج کیا؟

جواب: حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر کی ایڑی پر اپنا لعاب مبارک لگایا

سوال: ہجرت کے سفر میں حضرت ابوبکر نے کتنی رقم ساتھ لی تھی؟

جواب: پانچ ہزار درہم جو ان کی ساری جمع پونجی تھی

سوال: مدینہ قبا کے مقام پر حضرت ابوبکر نے حضور ﷺ کی شناخت کے لیے کیا عمل کیا؟

جواب: حضرت ابوبکر اپنی چادر سے حضور ﷺ پر سایہ کر کے کھڑے ہوگئے

سوال؟ مدینہ میں حضرت ابوبکر کے میزباں کون تھے؟

جواب: حضرت خارجہ بن زید جو قبیلہ خزرج سے تھے

سوال: حضور ﷺ نے مدینہ میں حضرت ابوبکر کا بھائی کس کو بنایا تھا؟

جواب: حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ کو

سوال: مدینہ میں حضرت ابوبکر نے یہودی مخاص کو تھپڑ کیوں مارا تھا؟

جواب: کیونکہ وہ اللہ تعالی کی توہین کر رہا تھا

سوال: جنگ بدر میں حضرت ابوبکر نے سب اہم ذمہ داری کون سی سرانجام دی؟

جواب: سائبان میں حضور ﷺ کی حفاظت کے لیے پہرہ دیا

سوال: جنگ بدر میں حضرت ابوبکر نے حضور ﷺ کی تسلی کے لیے کیا کہا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر نے کہا یارسول اللہ گھبرائیں نہ، اللہ آپ کی ضرور مدد کریں گے

سوال: سب سے پہلے امیر حج کون بنے تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ ۹ ہجری میں

سوال: حضرت ابوبکر کی امارت میں کتنے لوگ حج کے لیے گئے تھے؟

جواب: تین سو مسلمان ساتھ تھے

سوال: کس غزوے میں حضرت ابوبکر نے اپنا سارا مال حضور کے سامنے پیش کر دیا تھا؟

جواب: غزوہ تبوک کے موقع پر

سوال: غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت ابوبکر کو کیا اعزاز ملا؟

جواب: حضرت ابوبکر کو اللہ کا سلام آیا اور فرشتوں نے آپ کا لباس پہن لیا

سوال: غزوہ تبوک کے موقع پر اللہ تعالی نے حضرت ابوبکر سے کیا سوال کیا تھا؟

جواب: اے ابوبکر! کیا تو اس حال میں بھی اپنے رب سے راضی ہے؟

سوال: اللہ کے سوال پر حضرت ابوبکر نے کیا جواب دیا؟

جواب: حضرت ابوبکر نے کہا میں اس حال میں بھی اپنے رب سے راضی ہوں

سوال: حضور ﷺ نے اپنی مرض الوفات میں حضرت ابوبکر کے بارے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا: ابوبکرؓ سے کہو لوگوں کو نماز پڑھائے

سوال: حضرت ابوبکر نے حضور ﷺ کی حیات مبارکہ میں کتنی نمازیں پڑھائیں؟

جواب: سترہ (17) نمازیں پڑھائیں

حضور ﷺ کے حکم سے حضرت ابوبکر نے سب سے پہلے کونسی نماز پڑھائی

جواب: جمعرات کو عشاء کی نماز

سوال: حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر کی امامت کے متعلق کیا فرمایا تھا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا جس قوم میں ابوبکر موجود ہوں تو کسی اور کو امامت کی اجازت نہیں

سوال: حضرت ابوبکر کی رحم دلی کے متعلق حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا میری امت میں امت پر سب سے زیادہ مہربان ابوبکر ہے

سوال: انبیاء کے بعد انسانوں میں سب سے افضل کون ہے؟

جواب: انبیاء کے بعد سب سے افضل حضرت ابوبکر صدیقؓ ہیں

سوال: مسجد نبوی میں کھلے دروازوں کے متعلق حضور ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

جواب: آپ نے فرمایا ابوبکر کے دروازہ کے علاوہ باقی تمام دروزے بند کر دیے جائیں

سوال: حضور ﷺ نے آخری خطبے میں حضرت ابوبکر کے بارے کیا فرمایا تھا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا ابوبکر کے علاوہ ہم نے سب کے احسانات کا بدلہ اتار دیا

سوال: حضرت ابوبکر کی حضور ﷺ سے آخری ملاقات کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: 12 ربیع الاول حجرہ عائشہ میں

سوال: انتقال مبارک کے بعد حجرہ عائشہ میں حضور ﷺ کے پاس کھڑے ہو کر حضرت ابوبکر نے کیا کہا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر نے حضور ﷺ کی پیشانی پر بوسہ دے کر کہا کیا ہی بابرکت تھی آپ کی زندگی اور کیا ہی پاکیزہ ہے آپ کی موت

سوال: حضور ﷺ کے وصال مبارک کے بعد حضرت ابوبکر نے کون سی آیت تلاوت کی؟

جواب: سورہ آل عمران کی آیت نمبر 144 (وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل)

سوال: حضرت ابوبکرؓ کو خلیفہ کہاں منتخب کیا گیا؟

جواب: مدینہ منورہ سقیفہ بنی ساعدہ میں

سوال: حضرت ابوبکر کے ہاتھ پر سب سے پہلے کس نے بیعت کی؟

جواب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے

سوال: خلیفہ بننے کے بعد حضرت ابوبکر کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

جواب: ابتدا میں تجارت اور بعد میں بیت المال سے تنخواہ مقرر کی گئی

سوال: حضرت ابوبکر بیت المال سے کتنی تنخواہ لیتے تھے؟

جواب: مدینہ میں ایک عام مزدور جتنی

سوال: حضرت ابوبکر نے سب سے پہلے قاضی کس کو مقرر کیا تھا؟

جواب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو

سوال: حضرت ابوبکر نے بیت المال کا نگران کس کو بنایا تھا؟

جواب: حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو

سوال: حضرت ابوبکر نے زکوۃ کے مال کی تقسیم کے لیے کس کو مقرر کیا تھا؟

جواب: حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو

سوال: حضرت ابوبکر کی خلافت کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے؟

جواب: حضرت ابوبکر کی خلافت بلافصل کا منکر دائرہ اسلام سے خارج ہے

حضرت ابوبکر کی صحابیت کے منکر کا شریعت میں کیا حکم ہے؟

جواب: جو حضرت ابوبکر کو صحابی نہ مانے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے

سوال: حضرت ابوبکر کی صحابیت کا منکر دائرہ اسلام سے کیوں خارج ہے؟

جواب: کیونکہ حضرت ابوبکر کو قرآن میں صحابی کہا گیا اور قرآن کے انکار سے آدمی اسلام سے نکل جاتا ہے

سوال: حضرت ابوبکر کے دور خلافت میں کون کون سے فتنے پیدا ہوئے؟

جواب: منکرین زکوۃ، مرتدین، نبوت کے جھوٹے دعوے دار

سوال: حضرت ابوبکر کے دور میں کون سی جنگ میں حافظ صحابہؓ بہت زیادہ شہید ہوئے؟

جواب: جنگ یمامہ میں

سوال: قرآن کریم کب جمع ہوا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں

سوال: حضرت ابوبکر کو قرآن جمع کرنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟

جواب: حضرت عمرؓ نے مشورہ دیا تھا

سوال: حضرت ابوبکر کا دور خلافت کا زمانہ کتنا ہے؟

جواب: حضرت ابوبکر کی خلافت کا زمانہ 2 سال 3 ماہ 10 دن ہے

سوال: حضرت ابوبکر کی وفات کب ہوئی؟

جواب: حضرت ابوبکر کی وفات 22 جمادی الثانی 13 ہجری میں ہوئی

سوال: حضرت ابوبکر کی عمر کتنی تھی؟

جواب: حضرت ابوبکر کی عمر مبارک 63 سال تھی

سوال: حضرت ابوبکر کہاں مدفون ہیں؟

جواب: روضہ رسول میں ہمارے نبی ﷺ کے ساتھ